رول نمبر: _____

دستخط امیدوار: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **کلیۃ الشریعہ (سمسٹر 4)** پرچہ: **پہلا** مضمون: **العقائد الاسلامیۃ**

تاریخ: **12-02-2024** دن: **پیر** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقنش/مقنشہ: _____

KANZUL MADARIS BOARD

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: اسباب علم ------ ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 2: جو ثبوت اور عدم ثبوت شی کا انکار کرکے اسے ------- کہتے ہیں۔

(الف) عندیہ (ب) عنادیہ (ج) لاادریہ (د) جہمیہ

سوال نمبر 3: ھویۃ کے -------- معانی ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 4: جو محتاج الی الغیر نہ ہو اسے ----- کہتے ہیں۔

(الف) حادث ذاتی (ب) قدیم ذاتی (ج) حادث زمانی (د) قدیم زمانی

سوال نمبر 5: وہ احکام جن کا تعلق اعتقاد سے ہو ------- کہلاتا ہے۔

(الف) علم الشرائع (ب) علم التوحید (ج) علم التوحید والصفات (د) علم الشرائع والاحکام

سوال نمبر 6: عدم سے وجود میں آنے والے کو --------- کہتے ہیں۔

(الف) قدیم (ب) حادث (ج) باقی (د) موجود

سوال نمبر 7: خبر صادق کی ----- قسمیں ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 8: حواس ------- ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 9: جو مسبوق بالعدم ہو اسے ------ کہتے ہیں۔

(الف) حادث ذاتی (ب) قدیم ذاتی (ج) قدیم زمانی (د) حادث زمانی

سوال نمبر 10: وہ حکم جو واقع کے مطابق ہو اسے ------- کہتے ہیں۔

(الف) صدق (ب) کذب (ج) حق (د) مذکورہ تینوں

سوال نمبر 11: اگر دلیل قطعی الثبوت ہو مگر قطعی الدلالۃ نہ ہو اس سے ----- ہونگے۔

(الف) عقائد ثابت (ب) عقائد ثابت نہ (ج) دلیل ثابت (د) دلیل ثابت نہ

سوال نمبر 12: مشبہۃ الافعال --------- کے ناپسندیدہ ناموں میں سے ہے۔

(الف) مرجئہ (ب) خوارج (ج) جہمیہ (د) معتزلہ

سوال نمبر13: **اصحاب العدل والتوحید** -------- کو کہتے ہیں۔

(الف) معتزلہ (ب) مرجئہ (ج) جھمیہ (د) خوارج

سوال نمبر14: ------- نے علماء کلام کو زندیق فرمایا تھا۔

(الف) امام شافعی (ب) امام محمد (ج) امام ابو یوسف (د) تاج الدین سبکی

سوال نمبر15: علم کلام کو علم کلام کہنے کی --------- وجہیں ہیں۔

(الف) 4 (ب) 6 (ج) 8 (د) 10

سوال نمبر16: العقائد کے مصنف کا نام ------ ہے۔

(الف) عمر بن محمد بن احمد (ب) محمد بن ابراہیم (ج) علی بن ابی بکر (د) مسعود بن عمر بن عبداللہ

سوال نمبر17: اسباب علم ------- ہیں۔

(الف) حواس سلیمہ (ب) خبر صادق (ج) عقل (د) مذکورہ تینوں

سوال نمبر18: شرح عقائد کے مصنف کا نام ---------- ہے۔

(الف) عمر بن محمد بن احمد (ب) محمد بن ابراہیم (ج) علی بن ابی بکر (د) مسعود بن عمر تفتازانی

سوال نمبر19: وہ علم جس کا تعلق کیفیت عمل سے ہو --------- کہلاتا ہے۔

(الف) **علم الشرائع** (ب) **علم التوحید** (ج) **علم التوحید والصفات** (د) **علم الشرائع والاحکام**

سوال نمبر20: احکام شرعیہ کی --------- قسمیں ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر21: علم الکلام فی نفسہ اشرف العلوم ہے اور شارح نے -------- وجوہ سے علم کلام کی فضیلت بیان کی۔

(الف) 3 (ب) 4 (ج) 5 (د) 6

سوال نمبر22: -------- کے نزدیک علم الکلام فلسفہ کی طرح غیر اسلامی علم ہے۔

(الف) محدثین (ب) مفسرین (ج) متقدمین (د) متاخرین

سوال نمبر23: معتزلہ کا رئیس --------- ہے۔

(الف) واصل بن عطاء (ب) عطاء بن محمد (ج) نظام معتزلی (د) عطاء بن واصل

سوال نمبر24: معتزلہ کا ظہور -------- میں ہوا۔

(الف) دوسری صدی ہجری (ب) تیسری صدی ہجری (ج) چوتھی صدی ہجری (د) پانچویں صدی ہجری

سوال نمبر25: مطلقہ ثلاثہ کا زوج اول کی طرف رجوع کرنے میں زوج ثانی کے جماع کے منکر ہیں۔

(الف) معتزلہ (ب) شیعہ (ج) خوارج (د) جھمیہ

رول نمبر: _____

جوابی کاپی نمبر: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: کلیۃ الشریعہ (سمسٹر 4) پرچہ: پہلا مضمون: العقائد الاسلامیۃ

تاریخ: 12-02-2024 دن: پیر کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ کل نمبر: 75

حصہ انشائیہ

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: صدق اور حق کے مابین فرق واضح کیجئے۔

سوال نمبر 2: الہام کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 3: ماتریدیہ کو ماتریدیہ کہنے کی وجہ سپرد قلم کیجئے۔

سوال نمبر 4: اعتزال کا لغوی واصطلاحی معنی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: علم کلام سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 6: علم الشرائع والاحکام کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 7: معتزلہ کا کوئی ایک عقیدہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: جزء لایتجزی کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 9: عالم کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 10: کیفیت عمل سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 11: معتزلہ کے اصول خمسہ میں سے کوئی سے دو تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 12: مرجئہ فرقہ کے کوئی سے دو عقیدے تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 13: خبر متواتر کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 14: اللہ تعالی کی صفات ثبوتیہ کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟

سوال نمبر 15: تکوین ماتریدیہ کے نزدیک کیا ہے؟ اختصارا تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 16: رؤیت باری تعالی پر اہل حق کا مذہب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 17: ابعاد ثلاثہ کسے کہتے ہیں اور یہ کن کے نزدیک متحقق ہے؟

سوال نمبر 18: فلاسفہ کے نزدیک قدیم اور حادث کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟ صرف نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 19: عقل کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 20: اشاعرہ اور ماتریدیہ کے نزدیک اللہ تعالی کی صفات کتنی اور کون کونسی ہیں؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: اشاعرہ اور ماتریدیہ کے مابین مختلف فیہ مسائل میں سے کوئی سے پانچ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: شیخ ابوالحسن اشعری اور ابو علی جبائی کا مناظرہ سپرد قلم کیجئے۔

سوال نمبر 3: برھان تمانع کسے کہتے ہیں؟ دلیل سے ثابت کیجئے۔

سوال نمبر 4: اللہ تعالی کی کوئی سی تین صفات سلبیہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: قرآن کے مخلوق یا غیر مخلوق ہونے کے مذاہب پر بحث کیجئے۔

رول نمبر: _____

دستخط امیدوار: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **کلیۃ الشریعہ (سمسٹر 4)** پرچہ: **دوسرا** مضمون: **علوم القرآن**

تاریخ: **13-02-2024** دن: **منگل** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقنش/مقنشہ: _____

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: حادث کا معنی ہے۔

(الف) ہمیشہ سے ہو (ب) معدوم ہونا محال ہو (ج) الف اور ب (د) دونوں نہیں

سوال نمبر 2: اللہ پاک نے جو کتابیں اور صحائف نازل کئے ان کی تعداد ہے۔

(الف) ایک سو دس (ب) ایک سو چار (ج) ایک سو پندرہ (د) ایک سو بارہ

سوال نمبر 3: حضرت شیث علیہ السلام پر جو صحائف نازل ہوئے ان کی تعداد ہے۔

(الف) تیس (ب) پچاس (ج) بیس (د) دس

سوال نمبر 4: حضرت ابراہیم علیہ السلام پر جو صحائف نازل ہوئے ان کی تعداد ہے۔

(الف) پچاس (ب) تیس (ج) بیس (د) دس

سوال نمبر 5: حضرت موسیٰ علیہ السلام پر تورات شریف سے پہلے جو صحائف نازل ہوئے ان کی تعداد ہے۔

(الف) پچاس (ب) تیس (ج) بیس (د) دس

سوال نمبر 6: حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر جو کتاب نازل ہوئی وہ ہے۔

(الف) انجیل (ب) زبور (ج) تورات (د) قرآن پاک

سوال نمبر 7: اللہ پاک کا وہ کلام جو حدیث قدسی کی صورت میں ہے وہ ہے۔

(الف) قرآن (ب) حدیث (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

سوال نمبر 8: معجزوں میں باقی رہنے والا معجزہ ہے۔

(الف) مردوں کو زندہ کرنا (ب) ید بیضا (ج) قرآن (د) انجیل

سوال نمبر 9: قرآن پاک اللہ پاک کے آخری نبی ﷺ کا ایسا معجزہ ہے جس کی حقانیت باقی رہے گی۔

(الف) ہزار سال (ب) دو ہزار سال (ج) قیامت تک (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 10: جمع قرآن کی قسمیں ہیں۔

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

سوال نمبر 11: قرآن پاک کی کتابت کا پہلا مرحلہ ہے۔

(الف) عہد رسالت (ب) عہد صدیقی (ج) عہد فاروقی (د) عہد عثمانی

سوال نمبر 12: قرآن پاک کی کتابت کیلئے جو صحابہ کرام مخصوص تھے ان میں شامل تھے۔

(الف) حضرت زید بن ثابت (ب) حضرت امیر معاویہ (ج) حضرت ابی بن کعب (د) تینوں

سوال نمبر13: وہ سورتیں جو نبی پاک ﷺ کی ہجرت سے پہلے نازل ہوئیں انہیں کہتے ہیں۔

(الف) مکی سورتیں (ب) مدنی سورتیں (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

سوال نمبر14: مدنی سورتوں کی تعداد ہے۔

(الف) پچیس (ب) چھبیس (ج) اٹھائیس (د) انتیس

سوال نمبر15: مکی، مدنی سورتوں کی پہچان کا طریقہ ہے۔

(الف) سماعی (ب) قیاسی (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

سوال نمبر16: قرآن پاک میں رکوع کی تقسیم کی گئی۔

(الف) عہد رسالت (ب) عہد صدیقی (ج) عہد فاروقی (د) عہد عثمانی

سوال نمبر17: قرآن پاک کی وہ آیات جن کا مفہوم بالکل واضح نہ ہو یا ہم ان کو اچھی طرح نہ سمجھ سکتے ہوں انہیں کہتے ہیں۔

(الف) متشابہ (ب) محکم (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

سوال نمبر18: جس دلیل شرعی کے ذریعے کسی حکم شرعی کو اٹھایا جائے وہ ہیں۔

(الف) قرآن سے قرآن کا نسخ (ب) قرآن سے حدیث کا نسخ

(ج) حدیث سے حدیث اور حدیث سے قرآن کا (د) تینوں

سوال نمبر19: تخصیصِ حکم کے لحاظ سے نسخ کی قسمیں ہیں۔

(الف) نسخِ کلی (ب) نسخِ جزئی (ج) الف اور ب (د) دونوں نہیں

سوال نمبر20: قرآن پاک کی وہ آیات جن کا مفہوم بالکل واضح ہو اور ہم ان کو اچھی طرح سمجھ سکتے ہوں انہیں کہتے ہیں۔

(الف) متشابہ (ب) محکم (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

سوال نمبر21: کسی حکم شرعی کی مدت پوری ہونے کے بعد دلیل شرعی کے ذریعے اس کو اٹھا دینا کہلاتا ہے۔

(الف) نسخ (ب) ناسخ (ج) منسوخ (د) کوئی نہیں

سوال نمبر22: کسی حکم شرعی کی مدت پوری ہونے کے بعد جس دلیل شرعی کے ذریعے حکم کو اٹھایا جائے وہ کہلاتا ہے۔

(الف) نسخ (ب) ناسخ (ج) منسوخ (د) کوئی نہیں

سوال نمبر23: دلیل شرعی کے ذریعے جو آیت قرآنیہ منسوخ ہوں گی وہ ہیں۔

(الف) تلاوت منسوخ حکم باقی (ب) تلاوت باقی حکم منسوخ (ج) تلاوت اور حکم دونوں منسوخ (د) تینوں

سوال نمبر24: کیفیت نسخ کے لحاظ سے نسخ کی اقسام ہیں۔

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) نو

سوال نمبر25: قرآن پاک میں نسخ کے درجات ہیں۔

(الف) چھ (ب) تین (ج) آٹھ (د) نو

حصہ انشائیہ

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: قرآن پاک کی تعریف میں جو لفظ "اَلْمُعْجِزُ بِلَفْظِهٖ" آیا ہے اس سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 2: کلام اللہ کی صفت ہے۔ اس میں ہمارا کیا عقیدہ ہونا چاہئے؟

سوال نمبر 3: لوگوں کی ہدایت کیلئے کتنے صحائف اور کتب نازل ہوئیں اور کن کن پر نازل ہوئیں؟

سوال نمبر 4: اعجاز قرآن کا معنی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: معجزہ قرآن اور دیگر معجزات میں فرق بیان کیجئے۔

سوال نمبر 6: جمع قرآن کے کیا معنی ہیں اور اس کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟

سوال نمبر 7: عہد صدیقی میں قرآن پاک کو جمع کرنے کی ضرورت کیوں محسوس کی گئی؟

سوال نمبر 8: کوئی سے پانچ کاتبین وحی کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 9: علوم قرآن سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 10: تفسیر کے مراتب بیان کیجئے اور بتائیے کہ کس مرتبہ کیلئے کیا ضروری ہے؟

سوال نمبر 11: تفسیر بالروایہ (تفسیر بالماثور) سے کیا مراد ہے اور اس کی کتنی قسمیں ہیں؟

سوال نمبر 12: مفسر قرآن کون ہوتا ہے اور اس کیلئے کن کن شرائط کا ہونا ضروری ہے؟ کوئی سی پانچ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 13: مفسر کیلئے کن کن علوم کا جاننا ضروری ہے؟ کوئی سے دس علوم کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 14: مفسرین کے کتنے طبقات بیان کیے گئے ہیں؟ کسی ایک طبقہ کو تفصیل سے بیان کیجئے۔

سوال نمبر 15: مکی سورت اور مدنی سورت کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 16: مکی اور مدنی سورتوں کی تعداد بیان کیجئے اور بتائیے کہ کسی سورت کو مکی یا مدنی کس اعتبار سے کہا جاتا ہے؟

سوال نمبر 17: شان نزول سے کیا مراد ہے؟ مختصراً تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 18: محکم اور متشابہ کا معنٰی اور حکم بیان کیجئے۔

سوال نمبر 19: ناسخ سے کیا مراد ہے اور اسکی کتنی قسمیں ہیں؟ صرف نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 20: منسوخ سے کیا مراد ہے اور اس کی کتنی قسمیں ہیں؟ صرف نام تحریر کیجئے۔

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: قرآن پاک میں لفظ "ضلال" کی نسبت غیر نبی کی طرف یا نبی کی طرف ہو تو کیا معنی ہوں گے؟ آیت قرآنیہ اور ترجمہ سے وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 2: قرآن پاک میں لفظ "دعا" کی نسبت اللہ عزوجل کی طرف یا بندے کی طرف ہو تو کیا معنی ہوں گے؟ آیت قرآنیہ اور ترجمہ سے وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 3: جب مومن کو ایمان اور نبی کو تقوی کا حکم دیا جائے تو اس سے کیا مراد لی جائے گی؟ آیت قرآنیہ اور ترجمہ سے وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 4: قرآن پاک میں جہاں وسیلہ کا انکار ہے یا وسیلہ کا ثبوت ہے وہاں پر آیت کا کیا معنٰی مراد لیا جائے گا؟ آیت قرآنیہ اور ترجمہ سے وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 5: قرآن کی آیات میں نبی سے کہلوایا گیا کہ ہم تم جیسے بشر ہیں اور کسی جگہ نبی کو بشر کہنے پر کفر کا فتوی لگایا گیا اس میں کیا تعارض ہے؟ آیت قرآنیہ اور ترجمہ سے وضاحت کیجئے۔

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: "من یرد اللہ بہ خیرا یفقھہ فی الدین" اس حدیث پاک کے راوی کون ہیں؟

(الف) حضرت عمر رضی اللہ عنہ (ب) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا (ج) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ (د) حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ

سوال نمبر 2: جو شخص علم کے حصول کے لیے کسی راستے پر چلتا ہے۔ اللہ تعالی اس کے لئے ۔۔۔ آسان کر دیتا ہے۔

(الف) علم کا راستہ (ب) جنت کا راستہ (ج) ہدایت کا راستہ (د) نیکی کا راستہ

سوال نمبر 3: جو شخص ہدایت کی طرف سر اٹھا کر نہیں دیکھتا اور ہدایت کو قبول نہیں کرتا اس کی مثال کس کی طرح ہے؟

(الف) چٹیل (ب) ہموار (ج) خشک (د) پاک اور نرم

سوال نمبر 4: قال رسول اللہ ﷺ: "من کذب علی متعمدا مقعدہ من النار"

(الف) فلیقعد (ب) فلیتبوأ (ج) فلیضرب (د) فیعذب

سوال نمبر 5: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے گناہ کی طرف بلایا تو اسے اس گناہ کا ارتکاب کرنے والوں کے ------ ملے گا۔

(الف) برابر گناہ (ب) برابر ثواب (ج) برابر سونا (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 6: حضور ﷺ نے کون سی دعا سے پناہ مانگی؟

(الف) جو مردود ہو (ب) جو نفع نہ دے (ج) جو قبول نہ ہو (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 7: معراج کی رات حضور ﷺ کا گزر کچھ ایسے لوگوں کے پاس سے ہوا جن کے ہونٹوں کو آگ کی قینچیوں کے ذریعے کاٹا جا رہا تھا؛ وہ لوگ کون تھے؟

(الف) غیبت کرنے والے (ب) بے عمل خطیب (ج) بدکار (د) الف اور ج

سوال نمبر 8: حضرت موسیٰ علیہ السلام سے جب سوال ہوا کہ لوگوں میں سب سے بڑا عالم کون ہے؟ تو آپ نے جواب میں فرمایا۔

(الف) اللہ عزوجل (ب) میں ہوں (ج) حضرت محمد (ﷺ) (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 9: چڑیا ۔۔۔۔ آ کر بیٹھ گئی اور دریا سے ایک مرتبہ یا دو مرتبہ چونچ مار کر پانی پیا۔

(الف) کشتی کے اندر (ب) کشتی کے کنارے پر (ج) دریا کے کنارے پر (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 10: جو چیز بھی مؤذن کی آواز سنتی ہے وہ ۔۔۔ بن جاتی ہے۔

(الف) مسلمان (ب) گواہ (ج) نیکی (د) انسان

سوال نمبر 11: جب اذان دی جاتی ہے تو شیطان کیسے بھاگتا ہے؟

(الف) دوڑتا ہوا (ب) چیختا ہوا (ج) ہوا خارج کرتا ہوا (د) منہ چھپاتا ہوا

سوال نمبر 12: جب اذان ہوتی ہے تو شیطان کتنی دور بھاگ جاتا ہے؟

(الف) 35 میل (ب) 36 میل (ج) 37 میل (د) 38 میل

سوال نمبر13: "فمن سأل لی الوسیلة حلت له---"

(الف) الجنة (ب) الشفاعة (ج) زیارة (د) کوئی نہیں

سوال نمبر14: جس نے اذان کے بعد اس کی دعا پڑھی اس کیلئے قیامت کے دن حلال ہو گئی۔

(الف) شفاعت (ب) مغفرت (ج) جنت (د) کوئی نہیں

سوال نمبر15: جس نے اللہ کی رضا کی خاطر مسجد بنائی تو اللہ تعالیٰ اس کیلئے۔۔۔جنت میں بنائے گا۔

(الف) محل (ب) گھر (ج) ایک درخت (د) کوئی نہیں

سوال نمبر16: ایک عورت مسجد میں کیا کرتی تھی؟

(الف) عبادت کیا کرتی تھی (ب) جھاڑو دیا کرتی تھی (ج) رویا کرتی تھی (د) کوئی نہیں

سوال نمبر17: "أن الله قبل وجه أحدكم أذا صلى فلا۔۔۔بين يديه"

(الف) يبول (ب) يسجد (ج) يبصق (د) يمشی

سوال نمبر18: کس قبیلے نے مسجد کے قریب منتقل ہونے کا ارادہ کیا؟

(الف) اوس وخزرج (ب) بنو ہاشم (ج) بنو سلمہ (د) بنو سعد نے

سوال نمبر19: اللہ عزوجل جنت میں کس کیلئے دستر خوان لگائے گا؟

(الف) جو کھانا کھلائے (ب) جو صبح مسجد میں کرے (ج) شام مسجد میں کرے (د) ب اور ج

سوال نمبر20: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس سے آدمیوں کو تکلیف ہوتی ہے اس سے۔۔۔ کو بھی ہوتی ہے۔

(الف) جنوں (ب) فرشتوں (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

سوال نمبر21: قال النبی ﷺ: "بنی الاسلام علی۔۔۔"

(الف) سدس (ب) خمس (ج) عشر (د) کوئی نہیں

سوال نمبر22: قال رسول الله ﷺ: "من صلى الصبح فهو فی۔۔۔الله"

(الف) ذمة (ب) رحمة (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

سوال نمبر23: "أقرب مايكون العبد من ربه وهو۔۔۔"

(الف) صلاة (ب) ساجد (ج) راكع (د) قاعد

سوال نمبر24: جس شخص نے۔۔۔ کی نماز باجماعت پڑھی گویا اس نے آدھی رات قیام کیا۔

(الف) فجر (ب) عشاء (ج) عصر (د) مغرب

سوال نمبر25: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو بلاوجہ جماعت چھوڑ دیتے ہیں میں چاہتا ہوں کہ انکے۔۔۔ کو جلادوں۔

(الف) کپڑوں (ب) گھروں (ج) جسموں (د) تینوں

رول نمبر: _____

جوابی کاپی نمبر: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **کلیۃ الشریعہ (سمسٹر 4)** پرچہ: **تیسرا** مضمون: **الحدیث**

تاریخ: **14-02-2024** دن: **بدھ** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

حصہ انشائیہ

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: جس نے مومن سے کسی تکلیف کو دور کیا تو اللہ تعالی اس کے ساتھ کیا کرے گا؟

سوال نمبر 2: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کن چیزوں سے پناہ مانگی ہے؟

سوال نمبر 3: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے امتی قیامت کے دن کیسے پہچانے جائیں گے؟

سوال نمبر 4: مسجد کو لازم پکڑنے اور اس میں بیٹھنے کے متعلق کوئی حدیث تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: پانچ نمازوں اور اس کی محافظت پر کوئی حدیث تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: بغیر عذر جماعت کو ترک کرنے کے بارے میں کسی حدیث کا ترجمہ تحریر کیجئے

سوال نمبر 7: جس گھر میں اللہ کا ذکر کیا جائے اور جس گھر میں اللہ کا ذکر نہ کیا جائے تو اس کی مثال کیا ہے؟

سوال نمبر 8: جو نمازی کے آگے سے گذرے اس کے بارے حدیث پاک میں کیا وعید بیان کی گئی ہے؟

سوال نمبر 9: جو جان بوجھ کر نماز کو ترک کرے اس کے بارے حدیث پاک میں کیا وعید بیان کی گئی ہے؟

سوال نمبر 10: حدیث پاک بیان کیجئے کہ جو رات کو بیدار ہو وہ کیا پڑھے؟

سوال نمبر 11: رات کو پڑھنے والے وظائف اگر رات کو بھول جائے تو کیا کرے؟ حدیث پاک بیان کیجئے۔

سوال نمبر 12: چھپا ہوا صدقہ کرنے سے متعلق کوئی حدیث بیان کیجئے۔

سوال نمبر 13: جس نے لوگوں سے قرض لینے میں آسانی پیدا کی اس کی فضیلت کیا ہے؟

سوال نمبر 14: قرآن مجید کی تلاوت کرنے اور نہ کرنے والے کی مثال حدیث پاک میں کیا بیان کی گئی ہے؟

سوال نمبر 15: جسے قرآن مجید کی تلاوت میں دشواری ہو تو اس کی فضیلت بیان کیجئے۔

سوال نمبر 16: سونے چاندی کے برتن میں کھانے پینے کے بارے میں حدیث میں کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 17: رسول اللہ (ﷺ) سے عرض کیا گیا کہ اللہ تعالی کو کون سا عمل زیادہ پسند ہے؟ تو آپ (ﷺ) نے کیا فرمایا؟

سوال نمبر 18: رسول اللہ (ﷺ) نے یتیم کی کفالت کرنے والے کے بارے میں کیا فرمایا؟

سوال نمبر 19: حدیث پاک کے مطابق جس شخص کی آنکھیں نہ ہو اور وہ صبر سے کام لے تو اس کا معاوضہ کیا ہے؟

سوال نمبر 20: حدیث پاک کے مطابق کتنے لوگ جنازہ پڑھیں تو میت کے حق میں شفاعت قبول کی جاتی ہے؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: قیامت کے دن ریاکار عالم، شہید اور سخی کے ساتھ کیا سلوک کیا جائے گا؟ حدیث کے مطابق تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: قیامت کے دن کتنے اور کون کونسے لوگ اللہ عزوجل کے عرش کے سایہ میں ہونگے؟

سوال نمبر 3: نماز استخارہ کی تفصیل حدیث کی روشنی میں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: "لا حَسَدَ إلا في اثنتين: رجل آتاه الله مالا فسلَّطه على هَلَكَتِهِ في الحَقِّ ورجل آتاه الله حِكْمَة فهو يقضي بها ويُعَلِّمه"
ترجمہ کیجئے اور اعراب لگائیے۔

سوال نمبر 5: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ اور دودھ کے پیالے والی حدیث پر نوٹ تحریر کیجئے۔

رول نمبر: _____

دستخط امیدوار: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **کلیۃ الشریعہ (سمسٹر 4)** پرچہ: **چوتھا** مضمون: **علوم الفقہ**

تاریخ: **15-02-2024** دن: **جمعرات** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتش/مقتشہ: _____

KANZUL MADARIS BOARD

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: دو شخصوں کا باہم مال کو مال سے ایک مخصوص صورت کے ساتھ تبادلہ کرنا کہلاتا ہے۔

(الف) اقالہ (ب) بیع (ج) ہبہ (د) وکالہ

سوال نمبر 2: ایک چیز کو ہم جنس چیز کے بدلے اشارہ سے بیچا کہ ان کی مقدار معلوم نہ ہوئی تو بیع ہو گی۔

(الف) جائز (ب) ناجائز (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

سوال نمبر 3: جہاں پر مختلف قسم کی کرنسی رائج ہو وہاں پر بیع میں کرنسی کو واضح کرنا ہوگا ورنہ بیع۔۔۔ ہو گی۔

(الف) باطل (ب) فاسد (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

سوال نمبر 4: جس نے بکریوں کا ریوڑ اس طرح بیچا کہ ہر بکری ایک درہم کی ہو گی تو امام اعظم کے نزدیک بیع ہو گی۔

(الف) باطل (ب) فاسد (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

سوال نمبر 5: جس نے کپڑا بیچا کہ ہر گز ایک درہم کا تو امام اعظم کے نزدیک بیع ہو گی۔

(الف) باطل (ب) جائز (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

سوال نمبر 6: مبیع کو کیل کرنے والے کی اجرت اور ثمن کو جانچنے والے کی اجرت لازم ہو گی۔

(الف) مشتری پر (ب) بائع پر (ج) دونوں پر (د) دونوں پر نہیں

سوال نمبر 7: اگر مبیع مشتری کے ہاتھوں ہلاک ہو گئی تو مشتری کو ادائیگی کرنا ہو گی۔

(الف) اس کے ثمن کی (ب) مبیع کی (ج) دونوں کی (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 8: مشتری نے مبیع کو بغیر دیکھے سودا کر لیا دیکھنے کے بعد عیب نکلا تو مشتری کو خیار حاصل ہے اسے۔۔۔ کہتے ہیں۔

(الف) خیار شرط (ب) خیار رؤیت (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

سوال نمبر 9: وہ عاقد جو نہ مبیع کا مالک ہو اور نہ ہی مالک کا وکیل ہو اسے کہتے ہیں۔

(الف) مشتری (ب) بائع (ج) فضولی (د) تینوں

سوال نمبر 10: عیب کو ظاہر کیے بغیر چیز بیع کر دی تو معلوم ہونے کے بعد واپس کر سکتے ہیں اس کو کہتے ہیں۔

(الف) خیار شرط (ب) خیار عیب (ج) خیار رؤیت (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 11: وہ بیع جو اصلاً درست ہو اور وصفاً درست نہ ہو اسے کہتے ہیں۔

(الف) بیع باطل (ب) بیع فاسد (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

سوال نمبر 12: ہر وہ شے جس کا پھل اور وزن اور عدد معلوم نہ ہو اس کو محض اپنے اندازے سے بیچ دینا۔۔۔ ہے۔

(الف) بیع فاسد (ب) بیع مزابنہ (ج) بیع باطل (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر13: اس کھجور کی بیع اندازے سے جو درخت کے اوپر ہے اس کھجور کیساتھ جو درخت سے اتری ہوئی ہے، پتھر پھینکنے کی بیع اور چھونے کی بیع یہ مثال ہے۔

(الف) بیع فاسد (ب) بیع مزابنہ (ج) بیع باطل (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر14: وہ بیع جو جمعہ کی اذان کے وقت کی گئی ایسی بیع احناف اور شوافع اور جمہور کے نزدیک ہے۔

(الف) مکروہ (ب) جائز (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

سوال نمبر15: جو کسی کی ندامت دور کرے اللہ تعالیٰ بروز قیامت اس کی ندامت دور کرے گا یہ آقا ﷺ نے کس بیع کی متعلق فرمایا۔

(الف) تولیہ (ب) اقالہ (ج) مرابحہ (د) کوئی نہیں

سوال نمبر16: منقولہ چیز کی خریداری یا اس چیز کی بیع جس کو پھیرا جا سکتا ہو اس وقت تک جائز نہ ہو گی جب تک۔۔۔

(الف) خریدنہ لے (ب) قبضہ نہ کرلے (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

سوال نمبر17: امام شافعی اور امام زفر کے نزدیک بیع کے اندر مشتری یا بائع اگر ثمن یا مبیع میں اضافہ کرنا چاہیں تو۔۔۔ہے۔

(الف) جائز (ب) ناجائز (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

سوال نمبر18: ربا یعنی سود حرام قطعی ہے اس کی حرمت کا منکر۔۔۔ہے۔

(الف) گنہگار (ب) کافر (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

سوال نمبر19: جو چیز ناپ یا تول سے بکتی ہو جب اس کو اپنی جنس سے کمی بیشی سے بیچا جائے تو یہ۔۔۔ہے۔

(الف) حرام (ب) سود (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

سوال نمبر20: مختلف جانوروں کے دودھ کی آپس میں کمی بیشی کے ساتھ بیع۔۔۔ہے۔

(الف) ناجائز (ب) جائز (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

سوال نمبر21: قیمت ابھی لے لے اور مبیع کچھ دنوں بعد دی جائے گی ایسی بیع کو۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف) تولیہ (ب) سلم (ج) اقالہ (د) کوئی نہیں

سوال نمبر22: ذمی کافر کاروبار میں مسلمان کی مانند ہے۔ان کے ساتھ شراب اور سؤر کی خرید وفروخت۔۔۔ہو گی۔

(الف) جائز (ب) ناجائز (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

سوال نمبر23: وہ اجیر جس کا معاملہ اوقات کی بنیاد پر نہیں بلکہ عمل کی بنیاد پر ہوتا ہے وہ کسی ایک شخص کا ملازم نہیں ہوتا اسے۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف) اجیر خاص (ب) اجیر مشترک (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

سوال نمبر24: اجیر مشترک کے پاس جو چیز کام کے لیے دی جاتی ہے وہ۔۔۔ہوتی ہے۔

(الف) قرض (ب) بطور امانت (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

سوال نمبر25: اگر اجیر خاص سے اس کی طرف سے کوتاہی کے بغیر چیز یا اس کا نفع ہلاک ہو جائے تو ضمان۔۔۔

(الف) نہیں آئے گا (ب) آئے گا (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

حصہ انشائیہ

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: جہاں پر مختلف قسم کی کرنسی رائج ہو وہاں پر بیع میں کیا احتیاط کرنا ہوگی؟

سوال نمبر 2: بیع کے منعقد ہونے کی کیا شرائط ہیں؟

سوال نمبر 3: سامان کو ثمن کے بدلے بیچا تو پہلے کیا چیز حوالے کی جائے گی؟

سوال نمبر 4: خیار شرط کن کیلئے جائز ہے؟

سوال نمبر 5: خیار شرط میں اگر مبیع مشتری کے ہاتھوں ہلاک ہو گئی یا عیب پیدا ہو گیا تو کیا حکم ہوگا؟

سوال نمبر 6: بائع نے بغیر دیکھے چیز کو بیچا تو کیا اس کو خیار رویت حاصل ہوگا؟

سوال نمبر 7: نابینا کیلئے خیار رؤیت کن کن صورتوں میں ساقط نہیں ہوگا؟

سوال نمبر 8: بیع فضولی سے کیا مراد ہے۔

سوال نمبر 9: خیار عیب سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 10: کس صورت میں مشتری کو خیار عیب کا حق حاصل ہوگا؟

سوال نمبر 11: عیب کی کیا تعریف ہے؟

سوال نمبر 12: بیع باطل کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 13: سود کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 14: کن صورتوں میں بیع کے اندر سود پیدا ہوگا؟

سوال نمبر 15: بیع میں جنس سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 16: ربا النسیہ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 17: تر اور خشک کھجور کی، اور کشمش اور انگور کی آپس میں بیع کے حوالے سے امام اعظم کیا فرماتے ہیں؟

سوال نمبر 18: بیع سلم کن چیزوں میں جائز نہیں؟

سوال نمبر 19: اجارہ صحیح ہونے کیلئے کتنی اور کون کونسی شرطیں ہیں؟

سوال نمبر 20: اجرت کا مستحق ہونے کی تین صورتیں کون کونسی ہیں؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: قدر اور جنس کی وہ کون سی صورتیں ہیں جس کی وجہ سے بیع کی جائز یا ناجائز صورتیں بنتی ہیں؟

سوال نمبر 2: امام اعظم کے نزدیک بیع سلم کے جائز ہونے کیلئے کتنی اور کون کونسی شرائط کا ہونا ضروری ہے؟

سوال نمبر 3: نسبی قرابت کی وجہ سے حرام رشتے کون کونسے ہیں؟

سوال نمبر 4: طلاق کے الفاظ کتنی قسم کے ہیں اور کتنی اونچی آواز میں ادا کرنے ضروری ہیں؟

سوال نمبر 5: نکاح میں ولی سے کیا مراد ہے؟ ان کی ترتیب بیان کیجئے نیز وہ کون سی شرطیں ہیں جن کی عدم موجودگی کی وجہ سے عصبہ کو مسلمان عورت پر ولایت حاصل نہ ہوگی؟

رول نمبر: _____

دستخط امیدوار: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **کلیۃ الشریعہ (سمسٹر 4)** پرچہ: **پانچواں** مضمون: **التصوف**

تاریخ: **17-02-2024** دن: **ہفتہ** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتش/مقتشہ: _____

KANZUL MADARIS BOARD

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: عبادت کا موقوف علیہ ۔۔۔ ہے۔

(الف) علم (ب) علم شریعت (ج) الہام (د) علم باطن

سوال نمبر 2: علم کا عبادت کی اصل ہونا اور اسے عبادت سے پہلے حاصل کرنا ۔۔۔ وجہ سے ضروری ہے۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 3: پیدائش کائنات سے مقصود ------ میں کمال حاصل کرنا ہے۔

(الف) علم (ب) ادب (ج) عبادت (د) علم وادب

سوال نمبر 4: سوء اعتقادی کے باعث عبادت ۔۔۔ ہو جاتی ہے۔

(الف) مکمل (ب) ناقص (ج) ضائع (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 5: ظاہری عبادات وطاعات کی قبولیت کا دارومدار ۔۔۔ پر ہے۔

(الف) اخلاق (ب) باطنی (ج) فاضلہ (د) باطنی اخلاق فاضلہ

سوال نمبر 6: عبادت سے علم کے مقدم ہونے کی دوسری وجہ یہ ہے کہ علم سے ۔۔۔ ہوتا ہے۔

(الف) عمل کا جزبہ (ب) عمل میں برکت (ج) دل میں اللہ کا خوف (د) اعمال پر مداومت

سوال نمبر 7: ۔۔۔ علوم کی طلب ہر مسلمان پر فرض ہے۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 8: جس علم کا تعلق دل اور دل کے متعلقات سے ہو اسے ۔۔۔ کہتے ہیں۔

(الف) علم سحر (ب) علم تسخیر (ج) علم سر (د) علم تعبیر

سوال نمبر 9: علم توحید کی تمام فروعات اور اس کی باریکیاں اور دیگر امور متعلقہ کا جاننا ہر مسلمان پر ۔۔۔ ہے۔

(الف) فرض کفایہ (ب) فرض (ج) واجب (د) مستحب

سوال نمبر 10: علم شریعت میں بیع وشراء، اجارہ، نکاح، طلاق وغیرہ کے مسائل سیکھنا ہر مسلمان پر ۔۔۔ ہے۔

(الف) فرض (ب) فرض کفایہ (ج) مباح (د) مستحب

سوال نمبر 11: علم حاصل کرتے وقت سب سے زیادہ ۔۔۔ کو نگاہ میں رکھنا چاہیے۔

(الف) جذبہ (ب) خلوص (ج) نیت (د) مذکورہ تینوں

سوال نمبر 12: آفات اور حوادث ۔۔۔ پر نہیں آسکتے۔

(الف) اللہ تعالیٰ (ب) فرشتوں (ج) انبیاء (د) مذکورہ تینوں

سوال نمبر13:جنت میں اللہ تعالیٰ کا دیدار ۔۔ ہوگا۔

(الف)جہت کیساتھ (ب)مکان میں (ج)بغیر جہت ومکان کے (د)طرف وکنارا میں

سوال نمبر14:دل کے کاموں میں سے ایک کام ۔۔۔ ہے۔

(الف)توبہ (ب)جھوٹ (ج)چغلی (د)غیبت

سوال نمبر15:توبہ کی ۔۔۔ شرائط بیان کی گئیں ہے۔

(الف)3 (ب)4 (ج)5 (د)6

سوال نمبر16:چونکہ ایسی ۔۔۔ توبہ کا سبب اور تائب کی صفتوں میں سے ہے جسکی وجہ سے آپ علیہ السلام نے اسے توبہ فرمایا۔

(الف)خشوع (ب)خضوع (ج)ندامت (د)ڈر

سوال نمبر17:توبہ کے مقدمات یعنی جن چیزوں کا توبہ سے پہلے ہونا ضروری ہے وہ ۔۔۔ ہیں۔

(الف)3 (ب)4 (ج)5 (د)6

سوال نمبر18:خدا تعالیٰ کے فرض کردہ احکام کو ادا نہ کرنے کی توبہ ۔۔۔ ہے۔

(الف)محض زبانی (ب)قضا لازم (ج)ادا لازم (د)کوئی نہیں

سوال نمبر19:گناہ سے ابتداء قساوت قلبی پیدا ہوتی ہے جو انسان کو ۔۔۔ تک پہنچاتی ہے۔

(الف)سنگدلی (ب)کفر وگمراہی (ج)بدعقیدگی (د)بے باکی

سوال نمبر20:دل کی سیاہی کی علامت یہ ہے کہ گناہوں سے ۔۔۔ نہیں ہوتی۔

(الف)گھبراہٹ (ب)اکتاہٹ (ج)شرمندگی (د)انسیت

سوال نمبر21:حضرت آدم علیہ السلام ۔۔۔ اپنی لغزش پر روتے رہے۔

(الف)100سال (ب)200سال (ج)150سال (د)300سال

سوال نمبر22:اگر کسی کا قتل کیا ہو تو اس کے عوض قصاص دینا ۔۔۔ ہے۔

(الف)مستحب (ب)سنت (ج)لازم (د)مباح

سوال نمبر23:عوائق ۔۔۔ ہیں۔

(الف)2 (ب)4 (ج)6 (د)8

سوال نمبر24:زہد کی ۔۔۔ قسمیں ہیں۔

(الف)2 (ب)4 (ج)6 (د)8

سوال نمبر25:زہد ۔۔۔ چیزوں کے مجموعہ کا نام ہے۔

(الف)2 (ب)3 (ج)4 (د)5

رول نمبر: _____

جوابی کاپی نمبر: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **کلیۃ الشریعہ (سمسٹر 4)** پرچہ: **پانچواں** مضمون: **التصوف**

تاریخ: **17-02-2024** دن: ہفتہ کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

حصہ انشائیہ

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: انسان پر علم سر سے متعلق کتنا جاننا فرض ہے؟

سوال نمبر 2: توبۃ النصوح کے معنی کو بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: زہد کی حقیقت بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: زہد کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟ ان کا حکم بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: (ذلک ایام الھرج) حدیث میں ایام ہرج سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 6: کن کن لوگوں پر گوشہ نشینی لازم ہے؟

سوال نمبر 7: کیا علماء کرام بھی گوشہ نشینی اختیار کیجئے۔

سوال نمبر 8: ملھم کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 9: کوئی سے دو خواطر تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 10: ھابیل کا قتل کیسے ہوا تھا؟

سوال نمبر 11: تقوی کے کوئی سے تین فوائد تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 12: تقوی کے مراتب بیان کیجئے۔

سوال نمبر 13: فضول گوئی سے بچنا کیوں ضروری ہے؟ کوئی سی دو وجہیں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 14: طول امل کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 15: حسد کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 16: توکل کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 17: صبر کی حقیقت کیا ہے؟

سوال نمبر 18: ریا سے آنے والے مصیبتوں میں سے کوئی ایک سپرد قلم کیجئے۔

سوال نمبر 19: اخلاص فی العمل (عمل میں اخلاص) کیسے میسر آئے گا؟

سوال نمبر 20: عجب کی تعریف کیجئے۔

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: توبۃ النصوح کی تحصیل کا مکمل طریقہ سپرد قلم کیجئے۔

سوال نمبر 2: مذمت دنیا سے متعلق جامع نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: شیطان سے جنگ کرنا اور اس پر سختی کرنا کتنی اور کون کونسی وجہوں سے لازم ہے؟

سوال نمبر 4: نفس امارہ کی سرکشی پر قابو پانے کے کتنے اور کون کونسے طریقے ہیں؟

سوال نمبر 5: عجب کی تعریف، حقیقت اور معنی تحریر کیجئے۔